# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 05 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۵/جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ 99ویں کُل ہند مراٹھی ادبی کانفرنس کا اختتام؛ نریندر جادھو کمیٹی کی فوری منسوخی سمیت 17 قراردادیں منظور۔

☆ بھارت چاول کا سب سے بڑا برآمد کنندہ‘ 2025 میں 150 ملین ٹن سے زیادہ چاول کی کاشت۔

☆ محنت کش طبقہ‘ ترقی یافتہ بھارت جی رام جی اسکیم کی دفعات سے مطمئن۔

☆ بلدیاتی انتخابات مہم زوروں پر‘ آج مراٹھواڑہ میں سرکردہ سیاسی رہنماؤں کی انتخابی ریلیاں۔

اور۔۔۔☆ 2036 میں ہونے والے اولمپک کی میزبانی کیلئے بھارت کی کوشش: وزیرِ اعظم کی اطلاع۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ مراٹھی صرف زبان نہیں ہے بلکہ ہماری شناخت بھی ہے اور اسے بڑھانا اجتماعی ذمہ داری ہے۔ وہ کل ستارا میں منعقدہ 99ویں آل انڈیا مراٹھی ادبی کانفرنس کے اختتام کے موقع پر مخاطب تھے۔ گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ گجراتی مصنف رگھوویر چودھری پروگرام کے مہمانِ خصوصی تھے۔ اس موقعے پر مراٹھی زبان کے وزیر اُدئے سامنت اور کانفرنس کے صدر وِشواس پاٹل موجود تھے۔ شندے نے پیشہ وارانہ میدان میں مراٹھی کی اہمیت بڑھانے کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔ انھوں نے یقین دلایا کہ ساہتیہ سمّیلن مراٹھی زبان کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور اس تنظیم میں کبھی کوئی کمی نہیں ہوگی۔ شندے نے کہا کہ ایس ٹی کارپوریشن کے احاطے میں مراٹھی کتابوں کی دکانوں کیلئے 50 فیصد رعایتی شرح پر جگہ فراہم کرنے اور جدید ترین لائبریری قائم کرنے کا فیصلہ جلد ہی لیا جائے گا۔

مراٹھی زبان کے وزیر اُدئے سامنت نے اعلان کیا کہ دیہی ادیبوں کے ادب کو دوسری زبانوں میں ترجمہ کرنے کیلئے اگلے سال سے یشونت راؤ چوہان کے نام سے منسوب ایک زبان کے ترجمے کی کمیٹی کو فعال کیا جائے گا۔ کارپوریشن کے صدر ملند جوشی نے اعلان کیا کہ کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کی صد سالہ تقریب پونے میں منعقد ہوگی۔

اس سمّیلن میں مراٹھی زبان‘ تعلیم‘ ثقافت اور مراٹھی بولنے والوں کے حقوق سے متعلق کُل 17 قراردادیں متفقہ طور پر منظور کی گئیں، جن میں ادبی اور عوامی فنکار انا بھاؤ ساٹھے کو بھارت رَتن ایوارڈ دینا بھی شامل ہے۔ یہ قرارداد ہندی یا تیسری زبان کو لازمی قرار دینے کی کوششوں کی سختی سے مخالفت کرتی ہے اور نریندر جادھو کمیٹی کو فوری طور پر منسوخ کرنے اور ریاستی حکومت سے تحریری حلف لینے کا مطالبہ کرتی ہے کہ ریاست کے کسی بھی اسکول میں ہندی یا تیسری زبان کو لازمی نہیں قرار دیا جائے گا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ ملک نے سال 2025 میں 150 ملین ٹن سے زیادہ چاول کی کاشت کی ہے۔ وہ کل بھارتی زرعی تحقیقی کونسل کی جانب سے تیار کردہ 25 فصلوں کی 184 بہتر اقسام کے افتتاح کرنے کے بعد مخاطب تھے۔ چوہان نے کہا کہ بھارت نے چاول کی پیداوار میں چین کو پیچھے چھوڑ دیا ہے اور دنیا کا سب سے بڑا چاول برآمد کرنے والا ملک بن گیا ہے۔انھوں نے کہا کہ گذشتہ چند سالوں میں ملک میں بیجوں کی تین ہزار 200 سے زیادہ اقسام تیار کی گئی ہیں اور حکومت انھیں جلد از جلد کسانوں کو دستیاب کرانے کی کوشش کر رہی ہے۔

دریں اثناء کل دہلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چوہان نے کہا کہ ترقی یافتہ بھارت جی رام جی اسکیم محنتی لوگوں کے فائدے کیلئے ہے' جس کے ذریعے اُجرت میں اضافہ، بے روزگاری الاؤنس' تاخیر سے ملنے والے معاوضے پر سود اور 100 کے بجائے 125 دن کی ملازمت کی گارنٹی فراہم کی گئی ہے۔انھوں نے کہا کہ اس کے ذریعے محنتی لوگ دیہی ترقی میں بامعنی حصہ ڈالیں گے۔

***** ***** *****

لاتور ضلع کے اودگیر کے ایک کسان سنگرام پوار نے اس اسکیم کے نفاذ پر خوشی کا اظہار ان الفاظ میں کیا۔

**Byte: Sangram Pawar (Farmer)**

لاتور ضلع کے اوسہ تعلقے کے مارکنڈی گاؤں کے سرپنچ جے شنکر چندرکانت وبھوتے نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے کہ اس اسکیم کے تحت گاؤں میں ہی کام فراہم کیا جارہا ہے۔

**Byte: Jai Shankar Chandrakant Vibhute**

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاست کی 29 میونسپل کارپوریشنوں کیلئے انتخابی مہم زور پکڑ رہی ہے۔مختلف مقامات پر انتخابی مہم اور جلسے شروع ہوگئے ہیں۔کل اتوار کی چھٹی ہونے کی وجہ سے مختلف مقامات پر سیاسی جماعتوں اور انفرادی امیدواروں نے بڑے پیمانے پر انتخابی مہم چلائی۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس آج مراٹھواڑہ کے دورے پر ہیں۔ وہ جالنہ، سمبھاجی نگر، پربھنی اور ناندیڑ میں بلدیاتی انتخابات کے امیدواروں کی مہم میں حصہ لیں گے۔

دریں اثناء پھڑنویس کل چندرپور میں انتخابی مہم چلا رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ اگر بلدیاتی انتخابات میں مہایوتی امیدواروں کے بلا مقابلہ انتخاب پر اپوزیشن پارٹیاں عدالت سے رجوع کرتی ہیں تب بھی مینڈیٹ مہایوتی کے ہی حق میں ہوگا۔ انھوں نے مہاراشٹر نونرمان سینا کے اُس بیان پر ردِعمل ظاہر کیا کہ بلا مقابلہ انتخابات کو عدالت میں چیلنج کیا جائے گا۔

***** ***** *****

بی جے پی قائد چندرشیکھر باون کُڑے نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ لوگ ترقی یافتہ مہاراشٹر کیلئے مہایوتی کو ووٹ دیں گے۔ وہ ناگپور میں صحافیوں سے مخاطب تھے۔نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار کی بی جے پی پر تنقید پر بات کرتے ہوئے انھوں نے یہ بھی کہا کہ اس سے مہایوتی کے استحکام پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔

***** ***** *****

شیوسینا کی مہم کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں رکنِ پارلیمان سندیپان بھومرے کی موجودگی میں شروع ہوئی۔ شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کی مہم کی شروعات امباداس دانوے نے کی۔ ضلع صدر کشور شیتوڑے نے کہا کہ بی جے پی نے پارٹی کے خلاف بغاوت کرنے والے 22 امیدواروں کو معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

***** ***** *****

ممبئی میونسپل کارپوریشن کیلئے شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی اور مہاراشٹر نونرمان سینا کا منشور جاری کردیا گیا ہے۔ دونوں جماعتوں کے قائدین راج اور اُدّھو ٹھاکرے نے منشور جاری کیا اور ممبئی کے شیوسینا بھون میں صحافیوں سے بات کی۔ دونوں رہنماؤں نے ریاست کے کئی مقامات پر ہونے والے بلا مقابلہ انتخابات کی مخالفت کی۔ اُدّھو ٹھاکرے نے مطالبہ کیا کہ اس عمل کو اُن جگہوں پر منسوخ کردیا جائے' جہاں اپوزیشن کے امیدوار نہیں ہیں اور انتخابی عمل دوبارہ کرایا جانا چاہیے۔ راج ٹھاکرے نے بلا مقابلہ انتخابات کی بھی مخالفت کی اور کہا کہ بی جے پی غلط قدم اٹھا رہی ہے اور عوام کو اس بارے میں سوچنا چاہیے۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت سال 2036 میں اولمپک کھیلوں کی میزبانی کیلئے بھرپور کوششیں کررہا ہے۔ وہ کل ورچول نظام کے ذریعے اتر پردیش کے وارانسی میں قومی والی بال چمپئن شپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ 2014 سے مختلف کھیلوں میں ملک کی کارکردگی میں مسلسل بہتری آرہی ہے، اور ''جین زی'' کی نوجوان نسل کو ہاتھوں میں ترنگا لے کر ملک کی نمائندگی کرتے ہوئے دیکھ کر ملک کا سر فخر سے بلند ہوجاتا ہے۔ جب ہر کوئی اپنی اپنی ذمہ داریوں کو سنجیدگی سے ادا کرے تب ہی کامیابی کی چوٹی پر پہنچا جا سکتا ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں طبّی خدمات کو زیادہ موثر اور تیز رفتار بنانے کیلئے مرکزی وزیرِ صحت جے پی نڈّا اور ریاستی وزیرِ صحت پرکاش آبٹکر نے دہلی میں ایک اہم جائزاتی اجلاس لیا۔ اس اجلاس میں ریاست میں قومی صحت منصوبوں کے موثر نفاذ، صحت عامہ کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور مریضوں پر مرکوز خدمات فراہم کرنے پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔

***** ***** *****

راشٹریہ سیوا بھارتی، بھوپال کے معاون تنظیمی ذمہ دار وجے راؤ پُرانِک نے کہا ہے کہ تبدیلی لانے کیلئے کسی ایک شخص کو ثابت قدمی سے کھڑا ہونا ہوگا۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ساوتری بائی پھلے مہیلا ایکاتم سماج منڈل کی جانب سے بیداری اور خدمات ایوارڈز کی تقسیم کے جلسے سے خطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

- ☆ 99 ویں کُل ہند مراٹھی ادبی کانفرنس کا اختتام؛ نریندر جادھو کمیٹی کی فوری منسوخی سمیت 17 قراردادیں منظور۔
- ☆ بھارت چاول کا سب سے بڑا برآمد کنندہ' 2025 میں 150 ملین ٹن سے زیادہ چاول کی کاشت۔
- ☆ محنت کش طبقہ' ترقی یافتہ بھارت جی رام جی اسکیم کی دفعات سے مطمئن۔
- ☆ بلدیاتی انتخابات مہم زوروں پر' آج مراٹھواڑہ میں سرکردہ سیاسی رہنماؤں کی انتخابی ریلیاں۔
- اور۔۔۔☆ 2036 میں ہونے والے اولمپک کی میزبانی کیلئے بھارت کی کوشش: وزیر اعظم کی اطلاع۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔ اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا مراٹھی بلیٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****